وافی
wafi

بذریعہ ڈاک ووٹنگ کے لیے بیلٹ پیپر

# وافی انرجی پاکستان لمٹیڈ

رجسٹرڈ پتا: وافی انرجی پاکستان لمٹیڈ، 6چودھری خلیق الزماں روڈ، کراچی -75530

رابطہ: 222-888-111 21 92+ ویب سائٹ: https://wafi-energy.com/

وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ کے سالانہ اجلاس عام میں29 اپریل 2025ء بروز منگل دوپہر 12:30 بجے پرل کانٹی نینٹل ہوٹل، بال روم اے، کراچی میں اور ورچوئل ویڈیو کانفرنس کے ذریعے مندرجہ ذیل اُمور کی انجام دہی کے لیے رائے شماری ہو گی۔

چیئرمین سے رابطہ کی تفصیلات، جہاں بیلٹ پیپر بھیجا جا سکتا ہے:
کاروباری پتا: وافی انرجی پاکستان لمٹیڈ، 6چودھری خلیق الزماں روڈ، کراچی -75530
برائے توجہ "کمپنی سیکریٹری"
ای میل کے لیے مخصوص پتا: Companysec@wafi-energy.com

| | |
|---|---|
| حصص یافتہ کا نام/ مشترکہ حصص یافتگان کے نام | |
| حصص یافتہ(یافتگان) کا رجسٹرڈ پتا | |
| فولیو نمبر/ شراکت یا سرمایہ کار اکاؤنٹ نمبر | |
| کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں)- نقل منسلک کی جائے | |
| کارپوریٹ ادارہ، کارپوریشن اور/ یا وفاقی حکومت کا نمائندہ ہونے کی صورت میں مزید معلومات اور منسلکات | |

رائے شماری کے لیے ہدایات
میں/ ہم اس دستاویز کے ذریعے نیچے دی گئی قرارداد کے سلسلے میں اپنا ووٹ استعمال کرتے ہیں، اور قرارداد کے بارے میں اپنی رضامندی یا عدم رضامندی کا اظہار مناسب خانے میں ( ✓ ) کا نشان لگا کر کرتے ہیں۔

| نمبر شمار | خصوصی قرارداد | عمومی حصص تعداد جن کے لیے ووٹ دیا جا رہا ہے | میں/ ہم قرارداد سے اتفاق کرتے ہیں (حق میں)۔ | میں/ ہم قرارداد سے اختلاف کرتے ہیں (خلاف)۔ |
|---|---|---|---|---|
| | قرار پایا کہ خصوصی قرار داد کے ذریعے کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں درج ذیل ترمیم کی جائے اور یہاں کی جاتی ہے:<br><br>(ا) آرٹیکل 1 میں موجود "بڑے حصص یافتہ (Major Shareholder)" کی موجودہ تعریف کو حذف کر کے اُسے درج ذیل نئی تعریف سے تبدیل کیا جائے:<br><br>"بڑا حصص یافتہ" سے مراد ایسا حصص یافتہ ہے جو کمپنی کے پچاس فیصد سے زائد حصص براہِ راست یا بالواسطہ طور پر رکھتا ہو، اُن کا مالک ہو یا اُس پر کنٹرول رکھتا ہو۔"<br><br>(ب) موجودہ آرٹیکل 41 کو حذف کر کے اُسے درج ذیل نئے آرٹیکل سے تبدیل کیا جائے:<br><br>-41 کسی بھی اجلاس عام میں کوئی بھی کارروائی اس وقت تک نہیں کی جائے گی جب تک کہ اجلاس کے آغاز کے وقت کورم موجود نہ ہو۔ بصورت دیگر دس ارکان ذاتی طور پر یا ویڈیو لنک کے ذریعے موجود ہوں گے اور یہ کورم کمپنی کی ووٹنگ پاور کی اکثریت کی نمائندگی کرتا ہوگا۔ کسی بھی اجلاس عام میں کوئی کورم موجود سمجھا نہیں جائے گا جب تک کہ اہم حصص یافتہ اپنے وکیل، کارندہ یا نمائندہ کے ذریعہ موجود نہ ہو۔<br><br>(ج) موجودہ آرٹیکل 61 کو حذف کر کے اُسے درج ذیل نئے آرٹیکل سے تبدیل کیا جائے:<br><br>-61 کمپنی میں کم از کم سات ڈائریکٹرز ہوں گے۔ جیسا کہ مذکورہ بالا ہے، ڈائریکٹرز خود وقتاً فوقتاً اس بات کا تعین کریں گے کہ کمپنی کے پاس کتنے ڈائریکٹرز ہوں گے۔ ہر جنرل میٹنگ کی تاریخ سے کم از کم پینتیس دن پہلے جس میں ڈائریکٹرز کا انتخاب ہونا ہے، ڈائریکٹرز منتخب ڈائریکٹرز کی تعداد کا تعین کریں گے جو انتخابات کی مؤثر تاریخ سے کمپنی کے پاس ہوں گے اور ایسے ڈائریکٹرز کی تعداد جو اجلاس میں منتخب ہوں گے۔ ڈائریکٹرز کی جانب سے مقرر کردہ منتخب ڈائریکٹرز کی تعداد جنرل میٹنگ میں کمپنی کی پیشگی منظوری کے بغیر تبدیل نہیں کی جائے گی، جس میں انتخابات ہونے ہیں۔<br><br>(د) موجودہ آرٹیکل 87 کو حذف کر کے اُسے درج ذیل نئے آرٹیکل سے تبدیل کیا جائے:<br><br>-87 ڈائریکٹرز کاروباری اُمور کو نمٹانے کے لیے آپس میں ملاقات کر سکتے ہیں، اجلاس ملتوی کر سکتے ہیں اور اپنے اجلاسوں کو، جیسا وہ مناسب سمجھیں، منظم کر سکتے ہیں؛ کسی بھی اجلاس میں اٹھائے جانے والے سوالات اکثریتی ووٹ سے طے کیے جائیں گے، بشرطیکہ اس اکثریت میں بڑے حصص یافتہ کے مفادات کی نمائندگی کرنے والے کم از کم دو ڈائریکٹرز کے ووٹ شامل ہوں۔ اگر ووٹ برابر ہوں تو چیئرمین کو دوسرا یا فیصلہ کن ووٹ حاصل ہوگا۔ کوئی بھی ڈائریکٹر، یا کسی ڈائریکٹر کی درخواست پر سیکریٹری، کسی بھی وقت ڈائریکٹرز کی میٹنگ طلب کر سکتا ہے۔ پاکستان کے اندر یا باہر موجود کسی ڈائریکٹر کو ای میل کے ذریعے بھیجا گیا نوٹس درست تصور کیا جائے گا۔<br><br>(ڈ) موجودہ آرٹیکل 88 کو حذف کر کے اُسے درج ذیل نئے آرٹیکل سے تبدیل کیا جائے:<br><br>-88 کاروباری امور نمٹانے کے لیے ڈائریکٹرز کا کورم چار (4) ڈائریکٹرز ہوں گے جن میں سے کم از کم دو (2) ڈائریکٹرز ایسے ہوں گے جو بڑے حصص یافتہ کے مفادات کی نمائندگی کرتے ہوں۔ | | | |

حصص یافتہ(یافتگان) کے دستخط ______________ مقام ______________ تاریخ ______________

**بیلٹ پیپر جمع کرانے کے لیے نوٹس / طریقہ کار:**

-1 دُرست طریقے سے پُر کیا گیا اور دستخط شدہ اصل پوسٹل بیلٹ چیئرپرسن، جناب غسان العمودی کو درج ذیل پتے پر بھیجا جائے:
جناب غسان العامودی،
دی چیئرپرسن، وافی انرجی پاکستان لمٹیڈ، 6 چودھری خلیق الزماں روڈ، کراچی-75530۔
ای میل: Companysec@wafi-energy.com

-2 کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ / پاسپورٹ کی نقل (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک ہونا چاہئے۔

-3 پوسٹل بیلٹ فارم 28 اپریل،2025ء کو یا اُس سے پہلے کاروباری اوقات کے دوران (یعنی شام 5:00 بجے تک) اجلاس کے چیئرمین تک پہنچنا چاہئے۔ اس تاریخ اور وقت کے بعد موصول ہونے والے کسی بھی پوسٹل بیلٹ پر ووٹنگ کے لیے غور نہیں کیا جائے گا۔

-4 پوسٹل بیلٹ پر دستخط کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ / پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) پر دستخط سے مماثل ہونا چاہیے۔

-5 نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، مسخ شدہ، کٹے پھٹے اور مسخ شدہ، تحریری بیلٹ پیپر کو مسترد کردیا جائے گا۔

-6 کارپوریٹ ادارے یا کارپوریشن کے نمائندے کی صورت میں پوسٹل بیلٹ کے ساتھ مجاز شخص کے شناختی کارڈ کی کاپی کے ہمراہ کمپنیز ایکٹ2017ء کی شق138 یا139 کے مطابق بورڈ کی قرارداد، پاور آف اٹارنی یا اتھارٹی لیٹر کی تصدیق شدہ کاپی بھی منسلک ہونا چاہیے، اگر یہ پہلے ہی نمائندگی کے فارم کے ساتھ جمع نہ کرائی گئیں ہوں۔ اگر ووٹر کوئی غیر ملکی کارپوریٹ ادارہ ہے تو ایسی صورت میں تمام دستاویزات کو اُس رکن کے دائرہ اختیار میں موجود پاکستان کے قونصل جنرل سے تصدیق شدہ ہونا لازمی ہیں۔

-7 بیلٹ پیپر https://wafi-energy.com کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔ ارکان بیلٹ پیپر کو ویب سائٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں یا اخبارات میں شائع ہونے والی اصل / فوٹو کاپی استعمال کرسکتے ہیں۔